ڈاکٹر عرفان اللہ [1]
ساجد محمود [2]

سورۃ الخلع اورسورۃ الحفد سے متعلق روایات کا تحقیقی جائزہ

Abstract

There are narrations exist about "Surah Al-khula'" & "Surah Al-Hafd" in different Hadith Books and there is strong reason behind to select tafsīr; "Al Dur Al Manthūr fi Tafsīr Al Mathūr" as a reference and source book for this study because it contains all the narrations about it in detail. In common observation, most of the people having no enrich familiarity with sciences of Hadith give the ruling of authenticity and inaccuracy about Hadith by analysis of single narration. On the basis of such narrations, some people counts some Surāhs [Chapter] in Noble Qur'an relating the narrations to the Allah's messenger's companion (may Allah be pleased with them) which never ever suit to their personalities. In case, if these narrations are authentic then there must be valid and rationale reason occurred. Some people thinks that the existent assemblage of noble book is incomplete and they strengthen their views via adding such baseless narrations relates them to Sahaba (Companions) (may Allah be pleased with them) with intentions that some Sahaba (may Allah be pleased with them) also have same views about Qur'an like narrations of Ibn-e-

1 اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ و تحقیق، یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، بنوں
2 لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ و مطالعہ مذاہب، جامعہ ہزارہ، مانسہرہ

Masūd (may Allah be pleased with him) about Mo'wazatain (Surah Falaq & Surah Naās). Similarly some relates to Ubai-ibne-Ka'b (may Allah be pleased with him). This study mainly focus on analysis of such Narrations especially Narrations relates to Ubai-ibne-Ka'b (may Allah be pleased with him) in the context of relevant Shar'iah's Sources to present the real picture in this regard.

Keywords: Surah Alkhula, Surah Al Ḥafd, Ubai-ibne-Ka'b, Al Dur Al Manthūr fi Tafsīr Al Mathūr.

امام جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 1505ء) نے اپنی تفسیر "الدرالمنثور فی التفسیر الماثور" کے آخر میں معوذتین کے بعد دو سورتوں کو "سورۃ الخلع" اور "سورۃ الحفد" کے نام سے ذکر کیا ہے اور اس ضمن میں کئی ایک روایات بیان کی ہیں۔ مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے صرف اسی کتاب میں نہیں بلکہ علوم القرآن کی مشہور کتاب "الاتقان فی علوم القرآن" میں امام بدر الدین زرکشی رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 1392ء) کی اتباع کرتے ہوئے وہاں بھی ان دونوں سورتوں کو ذکر کیا ہے۔ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور امام زرکشی رحمۃ اللہ علیہ ان دو سورتوں کو ذکر کرنے میں متفرد نہیں ہیں بلکہ دیگر کئی اہل علم بھی ان دو سورتوں کو ذکر کرتے ہیں جیسا کہ امام ابن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ (310ھ) نے "تہذیب الآثار" میں، امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ (458ھ) نے "السنن الکبریٰ" میں، امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 235ھ) نے "مصنف" میں، امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 933ھ) نے "شرح معانی الآثار" میں، امام عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 211ھ) نے "مصنف" میں اور امام محمد بن نصر المروزی رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 294ھ) نے صلاۃ الوتر میں ذکر کیا ہے۔ زیر نظر مقالہ میں "الدرالمنثور" کی روایات کو اس لیے چُنا گیا ہے کیونکہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں ان تمام روایات کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ ذیل میں ان تمام روایات کا تحقیقی جائزہ پیش کیا جارہا ہے جن کو امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے لیکن ان کو بیان کرنے سے پہلے الخلع اور الحفد کی لغوی تحقیق ضروری ہے۔

الخلع اور الحفد کی لغوی تحقیق

"الخلع: بالضم النزع والفصل یقال خلع نعله وثوبه إذا نزعه۔"[1]

[1] القاضی، عبد النبی بن عبد الرسول، دستور العلماء أو جامع العلوم فی اصطلاحات الفنون: 2/ 65، دار الکتب العلمیة، بیروت، 1421ھ۔

"لفظ خلع ضمہ کے ساتھ نکالنے اور جدا کرنے کو کہتے ہیں: خلع نعله وثوبه اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی اپنے جوتے اور کپڑے اتار دے۔"

دعاء قنوت میں بھی ان لوگوں سے اظہار بیزاری کرنا ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتے ہیں، چنانچہ کہا جاتا ہے:

ونخلع ونترك من يفجرك

"ہم ان لوگوں سے علیحدہ ہو جاتے ہیں اور انہیں چھوڑ دیتے ہیں جو تیری نافرمانی کرتے ہیں۔"

"الحفد: السرعة. تقول: حفد البعير والظليم حفدا وحفدانا، وهو تدارك السير. وبعير حفاد. وفى الدعاء: وإليك نسعى ونحفد." [1]

"حفد سرعت اور جلدی کو کہتے ہیں، جیسے تیز اونٹ کو بعیر حفاد کہا جاتا ہے اور دعاء میں یہی کہا جاتا ہے کہ اے اللہ ہم تیری طرف کوشش اور جلدی کرتے ہیں۔"

سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد سے متعلق روایات

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات ابن الضریس رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 294ھ) کی کتاب "فضائل القرآن" کے حوالے سے نقل کی ہیں۔ چنانچہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ذكر ما ورد في سورة الخلع وسورة الحفد، قال ابن الضريس في فضائله:

① أخبرنا موسى بن إسماعيل أنبانا حماد قال: قرأنا في مصحف أبي بن كعب: أللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك الخير ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك قال حماد : هذه الآن سورة وأحسبه قال: أللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نخشى عذابك ونرجو رحمتك إن عذابك بالكفار ملحق.

② وأخرج ابن الضريس عن عبد الله بن عبد الرحمن عن أبيه قال: صليت خلف عمر بن الخطاب فلما فرغ من السورة الثانية قال: اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثنين عليك الخير كله ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق، وفي مصحف ابن عباس قراءة أبي وأبي موسى: بسم الله الرحمن الرحيم اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك الخير ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك، وفي مصحف حجر: اللهم إنا نستعينك وفي مصحف ابن عباس قراءة أبي وأبي موسى: اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نخشى عذابك ونرجو رحمتك إن عذابك بالكفار

[1] الجوهرى، إسماعيل بن حماد، الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية: 2/ 466، دارالعلم للملايين، بيروت، الطبعة الرابعة، 1407هـ

ملحق."[1]

حکم: مذکورہ دونوں روایات اگرچہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن الضریس رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نقل کی ہیں لیکن ابن الضریس رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "فضائل القرآن" میں یہ دونوں روایات ہی نہیں ملتی ہیں کہ ان کی سند کو دیکھ کر اس پر بحث کی جاتی۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ دونوں روایات خبر آحاد ہیں اور خبر واحد سے قرآن، جو کہ قطعی الثبوت ہے، کو ثابت نہیں کیا جاسکتا جیسا کہ آگے اس پر بحث آئے گی۔

"سورۃ الخلع" اور "سورۃ الحفد" کو امام زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے اور امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی امام زرکشی رحمۃ اللہ علیہ کی اتباع کرتے ہوئے "الاتقان" میں سورتوں کی ترتیب ذکر کرتے ہوئے "سورۃ الخلع" اور "سورۃ الحفد" کو ذکر کیا ہے:

"قال ابن أشتة في كتاب المصاحف أنبأنا محمد بن يعقوب حدثنا أبو داود حدثنا أبو جعفر الكوفي قال هذا تأليف مصحف أبي الحمد ثم البقرة ثم النساء ثم آل عمران ثم الأنعام ثم الأعراف ثم المائدة ثم يونس ثم الأنفال ثم براءة ثم هود ثم مريم ثم الشعراء ثم الحج ثم يوسف ثم الكهف ثم النحل ثم الأحزاب ثم بني إسرائيل ثم الزمر أولها حم ثم طه ثم الأنبياء ثم النور ثم المؤمنون ثم سبأ ثم العنكبوت ثم المؤمن ثم الرعد ثم القصص ثم النمل ثم الصافات ثم ص ثم يس ثم الحجر ثم حمعسق ثم الروم ثم الحديد ثم الفتح ثم القتال ثم الظهار ثم تبارك الملك ثم السجدة ثم إنا أرسلنا نوحا ثم الأحقاف ثم ق ثم الرحمن ثم الواقعة ثم الجن ثم النجم ثم سأل سائل ثم المزمل ثم المدثر ثم اقتربت ثم حم الدخان ثم لقمان ثم حم الجاثية ثم الطور ثم الذاريات ثم ن ثم الحاقة ثم الحشر ثم الممتحنة ثم المرسلات ثم عم يتساءلون ثم لا أقسم بيوم القيامة ثم إذا الشمس كورت ثم يا أيها النبي إذا طلقتم النساء ثم النازعات ثم التغابن ثم عبس ثم المطففين ثم إذا السماء انشقت ثم والتين والزيتون ثم اقرأ باسم ربك ثم الحجرات ثم المنافقون ثم الجمعة ثم لم تحرم ثم الفجر ثم لا أقسم بهذا البلد ثم والليل ثم إذا السماء انفطرت ثم والشمس وضحاها ثم والسماء والطارق ثم سبح اسم ربك ثم الغاشية ثم الصف ثم سورة أهل الكتاب وهي لم يكن ثم الضحى ثم ألم نشرح ثم القارعة ثم التكاثر ثم العصر ثم **سورة الخلع ثم سورة الحفد** ثم ويل لكل همزة ثم إذا زلزلت ثم العاديات ثم الفيل ثم لإيلاف ثم أرأيت ثم إنا أعطيناك ثم القدر ثم الكافرون ثم إذا جاء نصر الله ثم تبت ثم الصمد ثم الفلق ثم الناس."[2]

---

[1] السيوطي، عبد الرحمن بن أبي بكر، الدرالمنثور فى التفسير المائور:12/ 809، قال البيهقي هذا حديث مرسل، دار هجر، مصر، الطبعة الأولى، 2003م

[2] السيوطي، عبد الرحمن بن أبي بكر، الإتقان فى علوم القرآن: 1/ 176، الهيئة المصرية العامة الكتاب، الطبعة الأولى، 1394هـ

”قال الحسين بن المنادي في كتابه الناسخ والمنسوخ ومما رفع رسمه من القرآن ولم يرفع من القلوب حفظه سورتا القنوت في الوتر وتسمى سورتا الخلع والحفد.“[1]

”وذكر الإمام المحدث أبو الحسين أحمد بن جعفر المنادي في كتابه الناسخ والمنسوخ مما رفع رسمه من القرآن ولم يرفع من القلوب حفظه سورتا القنوت في الوتر قال: ولا خلاف بين الماضين والغابرين أنهما مكتوبتان في المصاحف المنسوبة إلى أبي بن كعب وأنه ذكر عن النبي ﷺ أنه أقرأه إياهما وتسمى سورتا الخلع والحفد.“[2]

”وأخرج أبو الحسن القطان في المطولات عن أبان بن أبي عياش قال: سألت أنس بن مالك عن الكلام في القنوت فقال: اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك الخير ولا نكفرك ونؤمن بك ونترك من يفجرك اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك الجد إن عذابك بالكفار ملحق، قال أنس: والله إن أنزلتا إلا من السماء.

اس روایت کو امام بیہقی رحمہ اللہ نے بھی اپنی کتاب ”الدعوات الكبير“ میں ذکر کیا ہے اور اس کے بارے میں وہ فرماتے ہیں:

أبان بن أبي عياش ضعيف.“[3]

”وأخرج محمد بن نصر عن يزيد بن أبي حبيب قال: بعث عبد العزيز بن مروان إلى عبد الله بن رزين الغافقي فقال له: والله إني لأراك جافيا ما أراك تقرأ القرآن قال: بلى والله إني لأقرأ القرآن وأقرأ منه مالا تقرأ به، فقال له عبد العزيز: وما الذي لا أقرأ به من القرآن قال: القنوت، حدثني علي بن أبي طالب أنه من القرآن.“[4]

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ (متوفیٰ 852ھ) اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: ”هذا حديث غريب“[5] اس روایت میں ایک بات یہ بھی ہے کہ امام محمد بن نصر المروزی رحمہ اللہ نے اس کو موقوف نقل کیا ہے۔

---

[1] الإتقان في علوم القرآن: 2/ 68

[2] الزركشي، بدر الدين محمد بن عبد الله بن بهادر ،البرهان في علوم القرآن: 2/ 37، التنبيه الثاني:في ضروب النسخ في القرآن، دارالمعرفة، بيروت، الطبعة الأولى،1957م

[3] الدرالمنثور: 13/ 810، البيهقي، أبوبكر بن أحمد بن الحسين، الدعوات الكبير، باب القول والدعاء في قنوت الوتر وصلاة الصبح: 2/ 145، قال البيهقي هذا حديث مرسل، غراس النشر والتوزيع، الكويت، الطبعة الأولى، 2009م

[4] المروزي، أبو عبد الله محمد بن نصر، صلاة الوتر، كتاب الصلاة، باب ما يدعى به في قنوت الوتر: 71، حديث أكادمي، باكستان، الطبعة الأولى، 1408هـ

[5] العسقلاني، أبو الفضل، أحمد بن على بن حجر، نتائج الأفكار فى أمالى الأذكار: 2/ 160، الطبعة الثانية، 1429هـ

"وأخرج البيهقي عن خالد بن أبي عمران قال : بينما رسول الله ﷺ يدعو على مضر إذ جاءه جبريل فأومأ إليه أن اسكت فسكت فقال يا محمد إن الله لم يبعثك سبابا ولا لعانا وإنما بعثك رحمة للعالمين ولم يبعثك عذابا ليس لك من الأمر شيء أو يتوب عليهم أو يعذبهم فإنهم ظالمون ثم علمه هذا القنوت : اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونؤمن بك ونخضع لك ونخلع ونترك من يفجرك اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد إليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك الجد بالكفار ملحق."[1]

حکم: امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو مرسل کہا ہے۔

"وأخرج محمد بن نصر عن عطاء بن السائب قال : كان أبو عبد الرحمن يقرئنا : اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك الخير ولا نكفرك ونؤمن بك ونخلع ونترك من يفجرك اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك الجد إن عذابك بالكفار ملحق ، وزعم أبو عبد الرحمن أن ابن مسعود كان يقرئهم إياها ويزعم أن رسول الله ﷺ كان يقرئهم إياها."[2]

حکم: عطاء بن السائب کے بارے میں حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "التقریب" میں فرماتے ہیں:

"صدوق اختلط"

دوسری بات یہ ہے اس روایت کی سند موجود نہیں ہے تاکہ اس میں دیکھا جاتا کہ (عطاء) سے جو راوی اخذ کرتا ہے، اس کے بارے میں علماء کی کیا رائے ہے کہ آیا اس نے (عطاء بن السائب) کے اختلاط سے پہلے یہ روایت لی ہے یا بعد میں۔ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کے بیان سے پتہ چلتا ہے کہ یہ روایت مجہول ہے۔[3]

"وأخرج ابن أبي شيبة في المصنف ومحمد بن نصر والبيهقي في "سُنَنِه" عن عبيد بن عمير أن عمر بن الخطاب قنت بعد الركوع فقال : بسم الله الرحمن الرحيم اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك بسم الله الرحمن الرحيم اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد ولك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق ، وزعم عبيد أنه بلغه أنهما سورتان من القرآن في مصحف ابن مسعود."[4]

---

1 أبوبكر البيهقى، أحمد بن الحسين بن على، السنن الكبرىٰ، كتاب الصلاة، باب دعاء القنوت:3142، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الثالثة، 2003م

2 الدرالمنثور: 15/ 811، قال البيهقي هذا الحديث مرسل

3 العسقلانى، أبو الفضل أحمد بن علي بن حجر، تقريب التهذيب: 1/ 391 دار الرشيد، سوريا، الطبعة الأولى، 1406هـ

4 الدرالمنثور: 15/ 811، السنن الكبرىٰ، كتاب الصلاة، باب دعاء القنوت: 3268

اسکے بعد امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے وہ روایات ذکر کی ہیں جو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہیں۔

"عن ابن عباس رضي الله عنهما، عن عمر رضي الله أنه كان يقنت في صلاة الصبح سورتين اللهم إنا نستعينك واللهم إياك نعبد."[1]

"وأخرج محمد بن نصر عن عبد الرحمن بن أبزي قال: قنت عمر رضي الله عنه بالسورتين."[2]

"وأخرج محمد بن نصر عن عبد الرحمن بن أبي ليلى أن عمر قنت بهاتين السورتين اللهم إنا نستعينك واللهم إياك نعبد."[3]

"وأخرج ابن أبي شيبة عن عبد الملك بن سويد الكاهلي أن عليا قنت في الفجر بهاتين السورتين : اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك ، اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق."[4]

مندرجہ بالا روایات پر بحث ان روایات کے ساتھ کی جائے گی جو کہ سیدنا اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کے متعلق مشہور ہیں:

"وأخرج ابن أبي شيبة ومحمد بن نصر عن ميمون بن مهران قال : في قراءة أبي بن كعب : الله إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك الله إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق."[5]

"وأخرج محمد بن نصر عن ابن إسحاق قال : قرأت في مصحف أبي بن كعب بالكتاب الأول العتيق : بسم الله الرحمن الرحيم (قل هو الله أحد) إلى آخرها بسم الله الرحمن الرحيم (قل أعوذ برب الفلق) إلى آخرها بسم الله الرحمن الرحيم (قل أعوذ برب الناس) إلى آخرها بسم الله الرحمن الرحيم : اللهم إنا نستعينك ونستغفرك ونثني عليك الخير ولانكفرك ونخلع ونترك من يفجرك، بسم الله الرحمن الرحيم : اللهم إياك نعبد ولك نصلي ونسجد وإليك نسعى ونحفد نرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق بسم الله الرحمن الرحيم : اللهم لا تنزع ما

---

1 الطحاوي، أبو جعفر أحمد بن محمد بن سلامة، شرح معانى الآثار، كتاب الصلاة، باب القنوت في صلاة الفجر وغيرها: 1478، عالم الكتب، الطبعة الأولى، 1994م

2 صلاة الوتر، كتاب الصلاة، باب ما يدعى به في قنوت الوتر: 1/ 105

3 الدرالمنثور: 15/ 810، صلاة الوتر: 1/ 105

4 العبسي، أبو بكر بن أبي شيبة، الكتاب المصنف في الأحاديث الآثار، كتاب صلاة التطوع والإمامة وأبواب متفرقة، باب ما يدعو به في قنوت الفجر: 7029، مكتبة الرشد، الرياض، الطبعة الأولى، 1409هـ

5 العبسي، أبو بكر بن أبي شيبة، الكتاب المصنف في الأحاديث الآثار، كتاب الصلاة، باب ما يدعى به في قنوت الوتر: 7102

تعطي ولا ينفع ذا الجد منك الجد سبحانك وغفرانك وحنانيك إله الحق."[1]

"وأخرج محمد بن نصر عن الشعبي قال : قرأت أو حدثني من قرأ في بعض مصاحف أبي بن كعب هاتين السورتين: اللهم إنا نستعينك ، والأخرى بينهما بسم الله الرحمن الرحيم قبلهما سورتان من المفصل وبعدهما سور من المفصل.

وأخرج محمد بن نصر عن سفيان قال : كانوا يستحبون أن يجعلوا في قنوت الوتر هاتين السورتين: اللهم إنا نستعينك واللهم إياك نعبد."[2]

سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد سے متعلق روایات پر تحقیقی تبصرہ

قاضی ابو بکر الباقلانی رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 402ھ) صاحب الانتصار نے سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد پر تفصیلی گفتگو کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

"سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے مصحف میں قنوت کے بارے میں جو روایات مروی ہیں ان سے اس کے قرآن ہونے پر حجت قائم نہیں کی جاسکتی۔ یہ ایک قسم کی دعا ہے۔ اور اگر یہ قرآن ہوتا تو اس کا قرآن ہونا منقول ہوتا اور ہمیں اس کی صحت کا علم ہوتا۔ اس کے بعد مزید فرماتے ہیں: یہ بھی ممکن ہے کہ اس میں سے کچھ حصہ قرآن کا ہو اور بعد میں منسوخ ہو گیا ہو۔ یا اس کے ساتھ دعا مانگنا مباح ہو اور غیر قرآن کے ساتھ یہ خلط ملط ہو گیا ہو۔ لیکن سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے یہ اس طرح صحیح ثابت نہیں ہے کہ کوئی یہ کہے: یہ ان سے روایت کیا گیا ہے، اُن سے اس طرح سے روایت کیا گیا ہے، ان کے مصحف میں اس طرح سے ثابت ہے۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ ان کے مصحف میں قرآن کے علاوہ بطور دعا منقول ہے۔ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے ان (سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد) کو اپنے مصحف میں لکھا تھا اور اس کو سورۃ الخلع وحفد کا نام دیا تھا کیونکہ اس میں ان دو کلموں کا ذکر آیا ہے تو اس بارے میں میری توجیہ یہ ہے کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے لئے ایک مصحف میں قرآن لکھتے تھے۔ اس خاص مصحف میں بسا اوقات وہ قرآن کی کسی مشکل آیت کے ساتھ اپنی آسانی کے لیے کوئی تشریحی نوٹ لکھ لیتے تھے یا کوئی دعا ہوتی جو ادعیہ قرآن کی قائم مقام ہو سکتی تھی اور جن کو نماز میں قنوت وغیرہ میں پڑھا جاسکتا تھا اور ان کو یہ خوب معلوم تھا کہ یہ قرآن نہیں ہے کیونکہ اُن لوگوں نے قرآن کے ساتھ کسی اور چیز کے اشتباہ سے اپنے آپ کو محفوظ کیا ہوا تھا۔ اسی وجہ سے بعض کو تاہ نظر لوگوں کو یہ اشتباہ پیدا ہو گیا ہے کہ ہر وہ چیز جو صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنے مصاحف میں لکھی ہوئی تھی، وہ قرآن ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔"[3]

---

1 المروزی، محمد بن نصر، صلاة الوتر: 1/ 105، رقم، 71-

2 أيضاً

3 الزرقاني، محمد عبد العظيم، مناهل العرفان في علوم القرآن:1/ 271، الرد على ما يثار حول جمع القرآن من شبه، مطبعة عيسى البابى الحلبى وشركاءه، الطبعة الثالثة

قاضی ابو بکر الباقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ اور بھی بہت سے لوگوں نے اپنے علم کے مطابق اس کے جوابات ذکر کیے ہیں، جن میں سے چند ایک یہ ہیں:

جوابات:

③ قنوت کے سلسلے میں سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے متعلق جو روایات منقول ہیں ان کی صحت غیر مسلم ہے نیز وہ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضل، عقل، کثرت علم، ہدایت یافتہ ہونے اور اُن کے قرآن پر مضبوط گرفت کے حامل ہونے کے خلاف ہیں۔

④ دوسرا جواب یہ ہے کہ قنوت قرآن کا حصہ نہیں ہے۔ کیونکہ اگر یہ قرآن کا حصہ ہوتا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ثابت اور ظاہر فرماتے۔ اہل فصاحت وبلاغت جانتے ہیں کہ اس (قنوت) کا نظم قرآن کے نظم جیسا نہیں ہے پس اگر سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے اس کو اپنے مصحف میں لکھا تھا تو یہ سہواً لکھا تھا، پھر جب پتہ چلا کہ یہ قرآن کا حصہ نہیں ہے تو اس سے رجوع فرمالیا۔

⑤ ان روایات کے ضعف پر یہ بات بھی دلالت کرتی ہے کہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے جب قرآن مجید جمع فرمایا تو وہ ان تمام مصاحف کو سختی سے جلارہے تھے جو آپ رضی اللہ عنہ کے جمع کردہ مصحف کے علاوہ تھے۔ اور یہ بات ظاہر ہے کہ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا مصحف دوسرے لوگوں کے مقابلے میں سب سے پہلے سرعت کے ساتھ جمع کیا جاچکا ہوگا کیونکہ ابی رضی اللہ عنہ ان لوگوں میں شریک تھے جو قرآن کو جمع کررہے تھے۔ اور اس بات پر یہ روایت دلیل ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہ کا مصحف بھی قبضے میں لے لیا تھا:

"عن محمد بن أُبيٍّ أن ناسًا من أهل العراق قدموا إليه، فقالوا: إنَّما تحمَّلْنا إليك من العراق، فأخْرِجْ لنا مصحفَ أُبيٍّ. قال محمدٌ: قد قبضَه عثمان. قالوا: سبحان الله! أخرِجه لنا. قال: قد قبضَه عثمان."[1]

"محمد بن ابی (ابی رضی اللہ عنہ کے بیٹے) سے روایت ہے کہ عراق کے کچھ لوگ ان کے پاس آئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہم آپ کے پاس عراق سے آئے ہیں ہمیں مصحف ابی رضی اللہ عنہ دکھائیں۔ محمد بن ابی نے کہا: اس کو تو سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے قبضے میں لے لیا تھا۔ ان لوگوں نے کہا: سبحان اللہ! ہمیں دکھایئے۔ محمد بن ابی نے دوبارہ کہا: تحقیق اس کو سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے قبضے میں لے لیا تھا۔"

⑥ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے قنوت کے بارے میں جو مروی ہے تو اس میں تو کہیں بھی یہ نہیں لکھا ہے کہ یہ قرآن منزل ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ اُس نے اس کو صرف اپنی مصحف میں لکھا ہے۔ لکھا بھی اس وجہ سے

---

[1] البغدادي، أبو عبيد القاسم بن سلام، فضائل القرآن: 463، كتاب فضائل القرآن و معاليه وأدبه، باب تأليف القرآن وجمعه ومواضع حروفه...463

ہوگا کہ یہ ایسی دعاء ہے جس سے استغناء ممکن نہیں اور یہ دعاء سنت مؤکدہ ہے اور اس پر مواظبت ضروری ہے نہ کہ یہ کوئی قرآن کا حصہ ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے مصاحف میں قرآن کے علاوہ مختلف قسم کے تاویلات، معانی اور دعائیں لکھتے تھے اس اعتماد کے ساتھ کہ قرآن کے ساتھ غیر قرآن ان کے لئے کوئی مشکل پیدا نہیں کرے گا۔

⑦ یہ بھی ممکن ہے کہ یہ دعا قرآن کا ایک حصہ ہو پھر منسوخ ہو گیا ہو لیکن اس کے ساتھ دعا مانگنا مباح ہو، تو سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے یہ دعا اولاً نقل کیا گیا ہے۔

⑧ بالفرض ہم مان بھی لیں کہ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ دعا قنوت کو قرآن سمجھتے تھے اور وہ اس رائے پر قائم بھی تھے تو نقل قرآن کی صحت میں یہ کوئی طعن والی بات نہیں ہے کیونکہ وہ اس رائے میں منفرد تھے اور یہ اس بات پر بھی دلالت نہیں کرتا کہ یہ مصحف سیدنا ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور مصحف سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ میں بھی ثابت ہو کیونکہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے عہد میں جمع قرآن کے سلسلے میں انتہائی دقت کا التزام کیا گیا تھا کیونکہ ہر قراءت کے لئے دو گواہوں کا موجود ہونا ضروری تھا تو اسی وجہ سے سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی قراءۃ بھی رد ہو چکی ہو گی جس طرح کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی قراءۃ آیت الرجم کے حوالے سے رد کی گئی تھی۔

⑨ اگر ہم تسلیم بھی کر لیں کہ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قنوت کا قرآن ہونے کے معتقد تھے تو یہ بات بھی ثابت ہے کہ انہوں نے اپنے قول سے رجوع کر لیا تھا اور ان کے ساتھ اتفاق کیا تھا اور اس پر دلیل اُن کی وہ قراءت ہے جس کو امام نافع (متوفیٰ 785ھ)، امام ابن کثیر (متوفیٰ 120ھ) اور امام ابو عمرو (متوفیٰ 771ھ) وغیرہ نے نقل کیا ہے جس میں "سورۃ الخلع" اور "سورۃ الحفد" نہیں ہے۔ امام ابو الحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ (متوفیٰ 935ھ) فرماتے ہیں کہ میں نے بصرہ میں ایک قوم کے پاس مصحف سیدنا انس رضی اللہ عنہ اس کے بیٹے کی طرف سے دیکھا تو میں نے اس کو جماعت کے مصحف کے ساتھ مساوی پایا۔ اور سیدنا انس رضی اللہ عنہ کے بیٹے روایت کرتے ہیں کہ یہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ کا خط ہے اور سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا املاء (لکھوایا ہوا) ہے۔[1]

ایک اور روایت جس کو مصنف ابن ابی شیبۃ میں روایت کیا گیا ہے اس میں قنوت کو دعا اور استغفار کہا گیا ہے:

"حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، قَالَ : لَيْسَ فِي قُنُوتِ الْوِتْرِ شَيْءٌ مُوَقَّتٌ ، إِنَّمَا هُوَ دُعَاءٌ واسْتِغْفَارٌ."[2]

---

1 أبو زيد، محمد شرعى، كتاب جمع القران في مراحله التاريخية من العصر النبوي إلى العصر الحديث: 1/ 190، كتاب جمع القرآن، كلية الشريعة جامعة الكويت ، الطبعة الأولى، 1419هـ

2 الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار، باب في قنوت الوتر من الدعاء: 6894

"مغیرہ ابراہیم سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: قنوت وتر میں کوئی مقرر چیز نہیں ہے یہ تو صرف دعا اور استغفار ہے۔"

ڈاکٹر محمد بن محمد ابوشہبہ المصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ یہ سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد قرآن کا حصہ ہو کیونکہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مصاحف حد تواتر کو نہیں پہنچتے تھے، بلکہ وہ آحاد اور منسوخ التلاوت آیات پر مشتمل تھے۔ ان میں سے بعض مصاحف میں تفسیری نوٹ اور تاویلات، ادعیۃ اور ماثورات بھی تھے اور انہی میں سے ایک یہ دعاء قنوت بھی تھی جس کو بعض ائمہ وتر میں پڑھتے ہیں۔ دوسری بات یہ بھی ہے کہ اس دعا کی بلاغت، اعجاز اور اشراف قرآن جیسا نہیں ہے۔

اگر بالفرض ہم تسلیم بھی کرلیں کہ سیدنا ابی رضی اللہ عنہ اس کو قرآن کا حصہ سمجھتے تھے تو اس کے متعلق جتنی بھی روایات ہیں وہ ساری خبر آحاد ہیں جو کہ ظنی ہیں اور ظنی قطعی الثبوت بالتواتر کا معارض اور مقابل نہیں ہو سکتا۔ قرآن چونکہ ثابت بالتواتر ہے اسی لئے تواتر سے ہی کوئی آیت ثابت کی جائے گی نہ کہ آحاد سے۔"

اس کے بعد فرماتے ہیں:

"قرآن میں کسی آیت کی زیادتی یا کمی کے لیے دو قاعدے ہیں جن کی طرف توجہ ضروری ہے:

1. ہر وہ روایت جو خبر واحد ہو اس کو قرآن کے اثبات کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔
2. ہر وہ خبر واحد جو قرآن کی خبر متواتر کے خلاف ہو اس کو قبول نہیں کیا جائے گا۔"[1]

مندرجہ بالا تمام روایات اور تحقیق سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بعض لوگ جو قرآن کو نامکمل سمجھتے ہیں، وہ اپنے مدعا کو ثابت کرنے کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف بعض ایسی روایات منسوب کر دیتے ہیں جن سے یہ ثابت اور باور کراتے ہیں کہ صرف ہم قرآن کے نامکمل ہونے کے قائل نہیں ہیں بلکہ صحابہ بھی اس کے قائل تھے۔ جیسا کہ سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے متعلق بھی معوذتین کے حوالے سے ایسی ہی روایات مشہور ہیں اور ایسی ہی روایات ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی طرف بھی منسوب ہیں۔

[1] أبوشهبة المصری، محمد بن محمد، المدخل على دراسة القرآن الكريم: ص، 259، فصل الشبه التي أوردت على جمع القرآن الشبهة الرابعة، الطبعة الأولى، 1987م